حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

● ''حُسنِ انتخاب''

اس کتاب کو مولانا عماد الدین محمود نے مرتب کیا ہے۔ عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ایمان افروز واقعات، صحابہ وتابعین کے ایمان پرور حالات اور عطاءِ حق کی حکایات کا حسین انتخاب۔ پڑھنے کو وہ باتیں جو درجنوں کتب کے مطالعے کے بعد پتہ چلتی ہیں۔ مولانا نے ان باتوں کو ۱۸۲ صفحات کی اس کتاب میں اکٹھا کر دیا ہے، عنوانات کا انتخاب بھی عمدہ ہے کتاب پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ القاسم اکیڈمی جامعہ ابو ہریرہ خالق آباد نوشہرہ (کے پی کے) نے اس کتاب کو شائع کیا ہے۔ مولانا عبدالقیوم حقانی نے پیش لفظ تحریر کیا ہے۔ قیمت درج نہیں ہے۔ ملک کے سبھی بڑے شہروں میں یہ کتاب دستیاب ہے۔ کمپیوٹر کی کمپوزنگ کی وجہ سے بعض الفاظ جو علیحدہ علیحدہ لکھے جاتے ہیں بعض جگہوں پر اکٹھے لکھ دیے گئے ہیں۔ ۹۹ صفحہ پر ساتویں لائن میں ''لب ہائے'' مبارک کو لبہائے مبارک لکھ دیا گیا ہے۔ پروف ریڈر اگر توجہ کرتے تو کتاب ایسی غلطیوں سے پاک ہو سکتی تھی۔

● ''دروس وبیاناتِ ختمِ نبوّت''

محترم مولانا اللہ وسایا کے اُن لیکچرز کا مجموعہ ہے جو انھوں نے ۱۹۸۵ء میں اپنے پہلے سفرِ برطانیہ کے موقعے پر باٹلی میں دیے۔ مولانا کا نام دینی حلقوں کے لیے جانا پہچانا ہے۔ جیسا کہ کتاب کے عنوان سے پتہ چلتا ہے کہ سلسلہ ختمِ نبوّت اور قادیانیت سے واقفیت کے لیے مولانا نے یہ خطبات دیے، فتنہ قادیانیت سے واقفیت کے لیے یہ بہت عمدہ کتاب ہے۔ اس کتاب کو مولانا محمد یوسف مامانے ترتیب دیا ہے۔ جو کہ بہت محنت طلب کام ہے۔ مولانا منور حسین سورتی نے اس کتاب پر نظرِ ثانی کی ہے۔ یہ ۳۳۶ صفحات پر مشتمل اس کتاب اشاعت ستمبر ۲۰۱۲ء میں ہوئی۔ عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوّت حضوری باغ روڈ ملتان نے شائع کیا، قیمت درج نہیں۔

● ''لانبی بعدی''

پروفیسر ڈاکٹر اعجاز حسن خان خٹک جو پیشے کے اعتبار سے پتھالوجسٹ ہیں۔ نعت کہتے ہیں، انہوں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی محبت کا اظہار شعروں میں کیا ہے۔ ۸۶ صفحات کی یہ کتاب عمدہ کاغذ پر شائع کی گئی ہے۔ ۳۰۰ روپے قیمت ہے۔ نعت کے دو اشعار دیکھیے:

ہدیہ　نعت　پیش　خدمت　ہے